bookme.pk ایچ بی ایل پی ایس ایل 2021 کا ٹکٹنگ پارٹنر مقرر

لاہور، 9 فروری 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے معروف ای ٹکٹنگ کمپنی bookme.pk کو ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2021 کا آفیشل ٹکٹنگ پارٹنر مقرر کردیا ہے۔ ایونٹ 20 فروری کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شروع ہوگا۔

این سی او سی کی اجازت کے بعد لیگ کے چھٹے ایڈیشن میں 20 فیصد تماشائیوں کو شرکت کی اجازت ہے۔ کرکٹ فینز ان میچز میں شرکت کے لیے اپنی ٹکٹیں بک می ڈاٹ پی کے سے خرید سکیں گے۔

بک می ڈاٹ پی کے میں روپے کی منتقلی جاز کیش یا ایزی پیسہ سے کی جاسکے گی۔

ٹکٹوں کی قیمتوں سمیت مزید تفصیلات جلد جاری کردی جائیں گی۔

بابر حامد، ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر کمرشل بابر حامد کا کہنا ہے کہ ہم ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کے لیے bookme.pk کو آفیشل ٹکٹنگ پارٹنر بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، امید ہے کہ بک می ڈاٹ پی کے کرکٹ فینز کو اعلیٰ معیار کی سہولیات فراہم کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ فینز کو محدود تعداد میں اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت ملنے پر بہت خوش ہے، اس دوران پی سی بی سماجی فاصلے سمیت کوویڈ19 پروٹوکولز پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائے گا۔

فیضان اسلم، چیف ایگزیکٹو آفیسر بک می ڈاٹ پی کے:

چیف ایگزیکٹو آفیسر بک می ڈاٹ پی کے فیضان اسلم کا کہنا ہے کہ وہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملنے پر خوش ہیں، ہم فینز کو قطاروں میں کھڑے ہونے کی بجائے گھر بیٹھے ڈیجیٹل انداز سے ٹکٹیں خریدنے کے لیے اعلیٰ معیار کی سہولیات فراہم کریں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4